علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فقہ المعاملات (2963) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-4)

کل نمبر:100　　　　کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ وکیل کے صاحب تصرف اور اہلیت کے قابل ہونے کے احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ عقد حوالہ اور اس سے متعلقہ مسائل واحکام پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ ہبہ کا معنیٰ ومفہوم، جواز اور ہبہ میں بدل لینے سے ہبہ میں رجوع کے ساقط ہونے کے احکام تحریر کریں ۔ (20)

سوال نمبر4۔ عاریت کے مسائل واحکام پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ قرض کے معاملے کو تحریر میں لانے اور اس حوالے سے ضابطہ شہادت کے احکام قلمبند کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر5-9)

کل نمبر:100　　　　کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ مشترک چیز کو رہن رکھنے، رہن کے متمیز ہونے، راہن کو مرہونہ چیز کی فروختگی کے لئے دینے یا نہ دینے کے احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ وقف کی تعریف، تاریخ اور حضرت عمرؓ و علیؓ کے قائم کردہ اوقاف پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ وقف کی بنیاد پر طبی، تعلیمی اور مالیاتی اداروں کے قیام پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ وقف کے ارکان پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ وقف کی اقسام تحریر کریں۔ (20)